سلفیٹ آف پوٹاش۔ پوٹاشیم سلفیٹ

ترکیب۔ نائٹرک ایسڈ بنانے کے بعد جو نمک رہ جاتا ہے۔ وہ سلفیٹ آف پوٹاش کا ہوتا ہے مگر اس میں کسی قدر سلفیورک ایسڈ کی زیادتی ہوتی ہے۔ اس میں جب کاربونیٹ آف پوٹاش کا عرق ملا کر نیوٹرل کیا جائے۔ تب سلفیٹ آف پوٹاش کی شفاف بیرنگ شش پہلو قلمیں بن جاتی ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ پلوس کمپونڈ اپیکاک بنانے کے کام آتا ہے۔ تاکہ یہ سفوف اچھا ہے اور اس کے اجزا اکٹھے نہ ہو جائیں +

آئیوڈاڈ آف پوٹاشیم۔ پوٹاشیم آئیوڈاد

ترکیب۔

سلوشن آف پوٹاش	----------	ایک گیلن
آئیوڈین	----------	۲۹۔ اونس یا حسب ضرورت
لکڑی کے کوئلہ کا باریک سفوف	----------	۳۔ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں +

خواص۔ بے رنگ عموماً دھندلا ہوتا ہے۔ اور قلمیں مکعب شکل کی ہوتی ہیں۔ پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ لیکن اسپرٹ وائن میں اس سے کم حل ہوتا ہے۔ اس کی تاثیر قدرے الکلائن ہوتی ہے +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی طور پر زیادہ مقدار میں اینٹی ٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں الٹریٹو ڈی ابس ٹروانٹ۔ اور ڈایوریٹک ہے۔ اسکرافیولا۔ لمفیٹنک گلینڈ کے بڑھاؤ پر کی اس ٹائیٹس ارٹی کیولر۔ روماٹیزم۔ اور ڈراپسی میں دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں ٹیومر اور مریض بڑھاؤ کو روکنے کے لئے استعمال کرتے ہیں نیز یہ آئیوڈین کے محلل کے طور پر کام آتا ہے +

خوراک۔ گھوڑا ---------- ۱ سے ۲ ڈرام

مویشی	۱ سے ۳- ڈرام
بھیڑ	۲۰- گرین سے ۱ ڈرام
خوک	۲۰ گرین سے ۱ ڈرام
کتا	۱- گرین سے ۵ گرین

ایک دن میں ایک یا دو دفعہ دے سکتے ہیں +

طریق استعمال- داخلی طور پر بولس کی صورت میں یا پانی میں حل کر کے دیتے ہیں خارجی استعمال میں مرہم پوٹاشی آئیوڈاد - مرہم کمپونڈ پوٹاشی آئیوڈاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے +

مانع استعمال- ایسڈ اور اسپرٹ ایتھر نائیٹر وسائی میں ملا کر دینا منع ہے +

مفصلہ ذیل اشیاء اس سے تیار ہوتی ہیں +

۱- کمپونڈ لینی منٹ آئیوڈاد +

۲- سلوشن آف آیوڈین اور پوٹاش آئیوڈاڈ +

۳- ٹنکچر آئیوڈین +

۴- مرہم آئیوڈین +

۵- مرہم کمپونڈ آئیوڈین +

انٹی مونیل پوڈر

اوکسائیڈ آف انٹی منی	ایک اونس
فاسفیٹ آف لائم	۲- اونس

فائدہ اور استعمال- مثل ٹارٹریٹ انٹی منی کے ہے۔ لیکن اس سے مقامی خراش ہوتی ہے۔ کتوں کے لئے فیبریفیوج کی طور پر استعمال ہوتا ہے +

خوراک-

کتا	۳ سے ۱۰- گرین

کمپونڈ پوڈر سلفیٹ آف آئرن

سلفیٹ آف آئرن کا سفوف ———— ۱ سے ۱½ ڈرام

سفوف جنشن ———— ۴ - ڈرام

لے کر ملالو +

یہ صرف ایک خوراک ہے جو کہ گھوڑوں کو ٹانک کے طور خوراک پر چھڑک کر دیتے ہیں +

کمپونڈ پوڈر آف اپیکا کیوانہ - یا ڈورس پوڈر

سفوف اپیکا کیوانہ ———— ایک اونس

سفوف اوپیم ———— ایک اونس

سلفیٹ آف پوٹاش ———— ۸ - اونس

کو ملا کر کھرل میں ڈال کر رگڑو اور بند بوتل میں ڈال دو +

فائدہ اور استعمال - کتوں کو ناسی انٹ - سیڈیٹو کے طور پر ۵ سے ۱۵ گرین تک دیتے ہیں اور ایک دن میں چار یا پانچ دفعہ دے سکتے ہیں +

کمپونڈ پوڈر آف اوپیم

اوپیم
گالس } سب کا سفوف مساوی مقدار میں لے کر ملالو +
پائی منٹو

فائدہ اور استعمال - ڈاریا میں جو آنتوں کے ڈھیلا پڑ جانے یا خراش ہونے سے پیدا ہو دیتے ہیں +

خوراک :-

گھوڑا و مویشی ———— ۴ سے ۸ - ڈرام

بھیڑ ———————————— ۱ سے ۱½ ڈرام

کتا ———————————— ۱۰ سے ۳۰ گرین

طریق استعمال - گولی کی صورت میں یا گروئل میں ملا کر دیتے ہیں +

کمپونڈ پوڈر آف روبرب

اس کو گریگریز پوڈر بھی کہتے ہیں +

ترکیب -

سفوف روبرب روٹ ———————————— ۲ - اونس

جنجر پوڈر ———————————— ۱ - اونس

لائیٹ میگنیشیا ———————————— ۶ - اونس

سفوف کر کے ملا لو - اور چھان لو +

فائدہ اور استعمال - انٹاسڈ - اسٹومائک ہے - انڈائی جسچن میں دیتے ہیں +

خوراک -

گھوڑا ———————————— ۲ سے ۳ - اونس

مویشی ———————————— ۲ سے ۴ - اونس

بھیڑ و خوک ———————————— ۱۰ سے ۲۰ گرین

کتا ———————————— ۱۰ سے ۳۰ گرین

طریق استعمال - بولس کی صورت یا گروئل میں ملا کر دیتے ہیں +

کمپونڈ پوڈر کاربونیٹ آف زنک

ترکیب -

سفوف کاربونیٹ آف زنک ———————————— ۴ - اونس

سفوف [illegible] ———————————— ۱ - اونس

ے کر ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ اکسائی ٹنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ چھلے ہوئے مقاموں الشر ٹیدہ جِلد اور چپن جائینٹ پر چھڑکا کرتے ہیں +

گن کاٹن

ترکیب۔

کاٹن وول	۱-اونس
سلفیورک ایسڈ	ہر ایک ۸۔ فلوئیڈ اونس
نائیٹرک ایسڈ	

کے ملانے سے تیار کرتے ہیں +

خواص۔ ایتھر اور ریکٹی فائیڈ اسپرٹ کے عرق میں حل ہو جاتی ہے۔ اور جب اس کو جلا دیکر اڑایا جاوے۔ تو کوئی بقیہ نہیں رہتا +

۱- کلوڈیم +

۲- کلوڈیم فلکیسبل تیار کرنے کے کام آتی ہے +

اوک بارک یا بلوط کی چھال

ریکیورکس۔ پے ڈنکولٹیا کے درخت کی ٹہنیاں اور چھال انگلستان میں سکھا کر اکٹھی کر لیتے ہیں +

خواص۔ یہ سبز چمکدار چھال سے پوشیدہ ہوتی ہے۔ سطح کا رنگ مثل دار چینی کے ہے ریشہ دار نازک اور تیز اسٹرنجنٹ اور ٹانک۔ ڈاریا۔ ڈیسنٹری اور میوکس ڈسچارج کے بند کرنے میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال۔ اسٹرنجنٹ اسٹپٹک اکلائی ٹنٹ گلے گلا ہے گنگرین کو روکنے اور سست زخموں کو اسٹی میولنٹ کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ ریکٹم اور یوٹرس کے پرالی سِس میں استعمال ہوتا ہے +

خوراک۔
گھوڑا اور مویشی ——— ۲ سے ۴ ڈرام
بھیڑ و خوک ——— ½ سے ۱ ڈرام
کتا ——— ۱۰ سے ۳۰ گرین

طریق استعمال۔ سفوف بارک۔ گولی بنا کر یا گرو ئل میں ملا کر دیتے ہیں۔ ڈیکاکشن آوک بارک کا استعمال کرنا فوقیت رکھتا ہے۔ خارجی استعمال۔ پوڈر یا ڈیکاکشن کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔ اس سے ڈیکاکشن اوک بارک تیار ہوتا ہے +

سلفیٹ آف کونین

ترکیب۔

دردرا سفوف سیلوسنکونہ بارک ———	ایک پونڈ
ہیڈرکلورک ایسڈ ———	۳- فلوئیڈ اونس
ڈسٹلڈ واٹر ———	حسب ضرورت
سلوشن آف سوڈا ———	۴- پائینٹ
ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ ———	حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں +

خواص۔ سفید گول ریشم کی طرح باریک قلمیں ہوتی ہیں۔ جو کہ برف جیسی سفید و تلخ ذائقہ رکھتا پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔ اور اس کے عرق کا رنگ خاص نیلے رنگ کا ہو جاتا ہے سلفیورک ایسڈ میں حل ہو جاتی ہے +

فائدہ اور استعمال۔ نوبتی اور دیگر بخاروں میں۔ ٹانک اور انٹی سپازماڈک کے طور پر دیتے ہیں۔ نقصان اشتہا اور بد ہضمی میں جو ضعف کے سبب ہو جاتی ہے۔ ایکیوٹ رہماٹیزم۔ کتوں کی کوریہ گھٹیوں کی جسمانی یا اندرونی آتشلیا میں جس میں باعث گڑبڑ واقع ہوں استعمال کرتے ہیں۔ ایکیوٹ بیماریوں کے بعد شفایابی کی کمزوری میں اور

انفلیوانزا۔ اور دوسری بیماری کے بعد جو ضعف لاحق ہوتا ہے۔ اس میں یہ برتی جاتی ہے۔

خوراک۔

گھوڑا	۲۰ سے ۴۰ گرین
مویشی	۲۰ سے ۶۰ گرین
بھیڑ و خوک	۵ سے ۱۰ گرین
کتا	۱ سے ۵ گرین

طریق استعمال۔ بولس بناکر گروئل میں ملا کر دیتے ہیں +

مانع استعمال۔ الکلی اور اُن کے کاربونیٹ انفیوژن نباتی قابضات کے ساتھ دینا منع ہے۔ کیونکہ ٹینیٹ آف کونین جب سلفیورک ایسڈ موجود ہو نیچے بیٹھ جاتا ہے +

ییلو ریزن۔ ریزن۔ یا زرد ریزن۔ یا رال

ترکیب۔ تارپین کے متقطر کرنے کے بعد جو شے برتن میں باقی رہ جاتی ہے۔ اس کو ریزن کہتے ہیں +

خواص۔ شفاف زرد اور چورہ ہو جانے والی ڈلیاں ہوتی ہیں۔ بو اور ذائقہ نرم ٹرپن ٹائن کا سا ہے۔ جب گرم کریں تو جل جاتی ہے اور زرد دھواں پیدا ہوتا ہے۔ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتی ہے۔ لیکن پانی میں حل نہیں ہوتی +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی۔ ڈائیوریٹک۔ خارجی۔ نرم ایکسائیٹنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ اسٹیپٹک ہے۔ نیز یہ پلاسٹروں کا قوام اور چیپ بڑھانے کے واسطے استعمال ہوتی ہے +

خوراک۔

گھوڑا اور مویشی	۴ سے ۶ ڈرام
بھیڑ و خوک	۱ سے ۲ ڈرام
کتا	۲۰ سے ۳۰ گرین

طریق استعمال۔ داخلی طور پر گھوڑوں کو بہت ریزن دیا جاتا ہے۔ جو کہ بولس کی صورت

میں دیتے ہیں۔ اغلباً کمپونڈ ماس ریزن کو ترجیح دیتے ہیں۔ خارجی استعمال۔ سفوف زخموں پر چھڑکا جاتا ہے۔ بعد آختہ کرنے کے سیلان خون روکنے کے لئے ریزن کا تھوڑا سا سفوف اسپر میٹک کانڈ پر چھڑک کر داغنی سے پگلا دیتے ہیں +

اس سے مفصلہ ذیل اشیا تیار ہوتی ہیں +

۱۔ کمپونڈ ریزن ماس +

۲۔ پیچ پلاسٹر +

۳۔ مرہم ریزن +

روبرب روٹ

یہ سدابہار سرسبز پودے ملک چین۔ تاتار۔ اور تبت کے کوہستانی مقامات کے درمیان پیدا ہوتے ہیں۔ شانگی اور کانٹن سے موسکو کے راستہ لائے جاتے ہیں +

خواص۔ اس کے گول یا چپٹے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ باہر سے زرد اندر سے داغدار۔ اس میں خاکی اور سرخ خط ہوتے ہیں۔ دانتوں کے نیچے دانہ دار ذائقہ کڑوا۔ اسٹرنجنٹ اور ٹانک ہوتا ہے۔ اور اس میں ایک خاص قسم کی بو پائی جاتی ہے +

فائدہ اور استعمال۔ وٹیرنری پرکٹس میں بہت کم استعمال ہوتا ہے۔ تاہم معدہ کی کمزوری میں بہت استعمال کرتے ہیں۔ کتوں کے لئے کتھارٹک ہے +

خوراک۔ بطور ٹانک +

گھوڑا	۱ سے ۱½ - اونس
مویشی	۱ سے ۲ - اونس
بھیڑ	۲ سے ۴ - ڈرام
خوک	۱ سے ۱½ ڈرام
کتا	۱۰ سے ۳۰ گرین
خوراک بطور کتھارٹک۔ کتا	۲ سے ۳ ڈرام

طریق استعمال۔ جڑوں کے سفوف کو گولی میں یا گرویل میں دیتے ہیں +

اس سے

۱۔ کمپونڈ روبرب +

۲۔ ٹنکچر روبرب

تیار ہوتے ہیں +

ریڈ روز۔ سُرخ گلاب کی پنکھڑیاں

سُرخ گلاب کے پھول کی پتیوں کو سکھلا کر استعمال کرتے ہیں۔ جو انگلستان سے آتی ہیں۔ رنگ سرخ ہوتا ہے۔ جو کہ خشک ہونے پر بھی رہتا ہے +

خواص۔ ارغوانی صاف رنگ۔ ذائقہ تلخ۔ قدرے ترش اور اسٹرنجنٹ ہے جو کہ خشک ہونے پر بڑھ جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال۔ کنفکشن آف روسز کے بنانے میں استعمال کرتے ہیں +

خواص۔ پودے پر چھوٹے چھوٹے لپٹے ہوئے پتے چار قطاروں میں بالمقابل ہوتے ہیں تیز ناگوار اور خاص قسم کی بو ذائقہ سخت اور کڑوا اور ناگوار ہوتا ہے +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی طور پر زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں انتھل مینٹک ہے۔ لیکن اس مطلب کے واسطے بہت کم استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ اس کا اثر سخت ہے اور اس میں تیز ایری ٹنٹ اور بے اعتبار خواص ہے۔ خارجی استعمال۔ کمزور انگوروں والے زخموں اور انڈولنٹ السروں کے لئے اسٹی میولنٹ۔ پلسٹر اور سیٹن کے اخراج کو جاری رکھنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں +

طریق استعمال۔ خارجی انفیوژن ساون۔ لیکن مرہم ساون کو ترجیح دیتے ہیں +

۱۔ انفیوژن ساون +

۲۔ مرہم ساون +

اس سے تیار کرتے ہیں +

ریفائینڈ شوگر۔ صاف کی ہوئی چینی یا قند

صاف چینی گنے سے جوکہ جزائر غرب الہند اور دوسرے ملکوں میں پیدا ہوتا ہے تیار کی جاتی ہے +

خواص۔ قلمدار مخروطی چکنے ہوتے ہیں جو تجارت میں بطور لم شوگر کے مشہور ہیں +

۱۔ کنفکشن ریڈیرفنز +

۲۔ فیرس کاربوناس سکریٹیا +

اس سے تیار کرتے ہیں +

سنٹونین

یہ قلمدار جوہر پودہ ارٹی میشیامی ٹیکا سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کے بیج سے یہ نہیں نکلتا۔ بلکہ کلیوں سے جو ابھی کھلی نہ ہوں۔ یہ ملک روس سے آتا ہے۔ اس سے سنٹونین نکلتا ہے +

خواص۔ بے رنگ چپٹی معین ڈلیاں قدرے کڑوی بشکل سے پانی میں حل ہوتی ہیں۔ ایک حصہ پچاس حصے ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتا ہے۔ ڈائیلوٹ معدنی تیزابوں میں حل نہیں ہوتیں +

فائدہ اور استعمال۔ انتھل مینٹک ہے اور ٹیپ ورم اور تھریڈ ورم کے واسطے مفید ہے۔

خوراک۔

گھوڑا ———————— ۲۰ سے ۴۰ گرین

کتا ———————— ۲ سے ۱۰ گرین

ہارڈ سوپ

الیواٹیل اور کاسٹک سوڈا کو ملانے سے گلیسرین اور صابن تیار ہوتے ہیں۔ گلیسرین عرق میں رہتی ہے اور ہارڈ سوپ سطح پر تیرتا رہتا ہے۔ بعد میں صابن کو سانچوں میں ڈال کر علیحدہ کر کے جما لیتے ہیں +

خواص۔ خاکی سفید۔ خشک مثل سیگ کے۔ جب گرم خشک ہوا میں رکھا ہو۔ تو سفوف ہو سکتا ہے۔ جب گرم کیا جائے۔ تو آسانی سے اس کی شکل بدل سکتی ہے۔ ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتا ہے اور اگر کاغذ پر لگائیں۔ تو کوئی داغ نہیں پڑتا +

فائدہ اور استعمال۔ کتھارٹک۔ ڈایوریٹک۔ انٹاسڈ۔ دھاتی تیزابوں کا انٹی ڈوٹ ہے اور پچکاریاں تیار کرنے کے کام آتا ہے۔ خارجی استعمال۔ چوٹ اور ضرب کے لئے اسٹی میولنٹ ہے۔ جلے ہوئے اور جھلسے ہوئے مقاموں پر لگانے سے خراش اور درد کو ہوا روک کر رفع کر دیتا ہے۔ نیز بطور بدرقہ کے گولیاں۔ لینی منٹ۔ آئینٹمنٹ بنانے میں کام آتا ہے +

خوراک۔

گھوڑا و مویشی ————————	ا سے ۲۔ اونس
بھیڑ و خوک ————————	۲ سے ۶۔ ڈرام
کتا ————————	۲۰ سے ۶۰ گرین

طریق استعمال۔ گولی بنا کر یا پانی میں پھینٹ کر استعمال کرتے ہیں +

مانع استعمال۔ ایسڈ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ دینا منع ہے +

سافٹ سوپ۔ نرم صابن

ترکیب۔ کاسٹک پوٹاش اور الیو آئیل کو ملا کر جوش دو حتیٰ کہ صابن بن جائے +

فائدہ اور استعمال۔ کمپونڈ سوپ لینی منٹ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔ لینی منٹ سپونس کمپونڈ اس سے تیار کرتے ہیں +

اسکوئیل۔ اسکوا سکیل بھی کہتے ہیں

ار۔ جی۔ نی۔ آسلا کی گانٹھوں کے ٹکڑوں کو کاٹ کر سکھلا لیتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ اکثر کرنے کٹارل اور برانکیل امراض میں استعمال کرتے ہیں +

سرپ کی خوراک -

گھوٹا ——————— ½ ۱ - اونس

کتا ——————— ۱۵ سے ۶۰ بوند

اس سے سرپ سلا تیار کرتے ہیں +

پری پے ارڈ سوئیٹ مصفا چربی

بھیڑ کی یا گائے کے شکم کے خانہ کی موٹی چربی کو پگلا کر چھان کر صاف کر لیتے ہیں +

خواص - صاف چکنی اور زرد رنگ بے بو ہوتی ہے +

فائدہ اور استعمال - یہ بجائے خوک کی چربی کے یا اس کے ساتھ ملا کر مرہموں کے تیار کرنے میں کام آتی ہے -

نوٹ - ملک ہندوستان میں یہ ہی چربی مرہم بنانے میں کام آتی ہے +

مسٹرڈ - سرسوں بارائی

سیاہ اور سفید سرسوں کے دانے ہوتے ہیں - جو پیس کر اور ملا کر طبابت میں برتے جاتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - پلٹس کی صورت میں بطور ویسی کنٹ - کونٹر ایریٹنٹ کے ہے +

اس سے

۱ - مسٹرڈ پلٹس +

۲ - مسٹرڈ پلٹس وتھ امیونیا +

تیار ہوتے ہیں +

کاسٹک سوڈا

ترکیب - سولیوشن آف سوڈا کو آنچ دیکر اڑا دیں اور جب وہ عرق گاڑھا روغن کے طور کا ہو جاوے - تب اس کو صاف چاندی یا لوہے کی رکابیوں میں ڈال کر ڈھال دیں تاکہ جم جاوے

یا سانچوں میں ڈال کیتیاں بنالیں +

خواص۔ سخت خاکی سفید سی شے ہے۔ اُس کی تاثیر الکلائین اور کرو سیو ہے۔ ہوا میں کھلا رہنے سے نرم نہیں ہوتا +

فائدہ اور استعمال۔ خارجی۔ کاسٹک مثل کاسٹک پوٹاش کے ہے۔ لیکن اس کی نسبت ہوا میں رکھنے سے یہ کم گلتا ہے۔ اور پھیلتا نہیں۔ اس لئے یہ زیادہ پسند کیا جاتا ہے +

ایسی ٹیٹ آف سوڈا

اس کو سوڈیم اسے ٹیٹ بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔ سوڈیم کاربونیٹ کو ایسی ٹک ایسڈ میں حل کر کے قلمیں بنانے کی ترکیب سے قلمیں بنا لیتے ہیں +

خواص۔ شفاف بے رنگ قلمیں ہوتی ہیں۔ پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔ اور کاغذ ٹسٹ کرنے سے نیوٹرل ہوتا ہے +

فائدہ اور استعمال۔ ایسیٹک ایسڈ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے +

سوڈی بائی کاربوناس۔ یا بائی کاربونیٹ آف سوڈا

اس کو سوڈیم ہیڈروجن کاربونیٹ بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔ کاربونیٹ آف سوڈیم میں کاربانک ایسڈ گیس داخل کرنے سے یہ مرکب حاصل ہوتا ہے +

خواص۔ یا تو یہ مرکب سفوف کے طور پر پایا جاتا ہے۔ یا اس کی بے قاعدہ ڈلیاں ہوتی ہیں جو رنگ میں سفید اور ذائقہ میں نمکین اور بدگوار ہے +

فائدہ اور استعمال۔ مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہے۔ سوڈیم کاربوناس سے نرم اور کم الکلائین ہے +

خوراک۔ گھوڑا ——————— ۴ سے ۶ ڈرام

مویشی	————————	۸ سے ۴ ڈرام
بھیڑ و خوک	————————	۱ سے ۲ ڈرام
کتا	————————	۵ سے ۴۰ گرین

طریق استعمال
مانع استعمال } مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہیں +

سوڈی کاربوناس

اس کو کاربونیٹ آف سوڈا - سوڈیم کاربونیٹ اور واشنگ سوڈا - یعنی سجی بھی کہتے ہیں +

ترکیب - کھانے کے نمک میں سلفیورک ایسڈ ملا کر کوئلا اور کھریا مٹی کے ہمراہ اس کو ملانے سے کاربونیٹ آف سوڈیم حاصل ہوتا ہے +

خواص - اس کی قلمیں صاف اور شفاف طبقدار اور معین ہوتی ہیں یہ نمک نہایت تیز اور کھار ہے - اور ہوا میں رکھنے سے خشک ہو جاتا ہے +

فائدے اور استعمال - مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس - پوٹاشیم کاربوناس - اور سوڈا بائی کاربوناس کے ہیں +

خوراک - اس کی خوراکیں سوڈا بائی کاربوناس سے نصف ہوتی ہیں +

طریق استعمال
مانع استعمال } مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہیں +

مفصلہ ذیل اشیاء تیار کرنے کے کام آتا ہے +

۱ - لائیکوار سوڈی +

۲ - لائیکوار سوڈی کلورٹیا +

۳ - سوڈی بائی کاربوناس +

۴ - سوڈی کاربوناس +

خشک کاربونیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ قلمدار سوڈیم کاربونیٹ کو ایک برتن میں ڈال کر گرم کرنے سے تیار ہوتا ہے اس کے چھلکے پیس کر بند بوتل میں رکھے جاتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ مثل پوٹاشیم سوڈیم کاربونیٹ اور بائی کاربونیٹ کے ہوتا ہے +

خوراک۔ سوڈیم بائی کاربوناس سے چوتھائی وزن میں ہوتی ہیں +

طریق استعمال } مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہیں +
مانع استعمال }

ہیپو سلفائیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ سوڈیم سلفائیٹ کا آبی عرق گندھک کے ساتھ جوش دیکر چھان لیتے ہیں اور اڑا کر قلمیں بنا لیتے ہیں +

خواص۔ معین اور پانی میں حل ہو جانے والی قلمیں ہوتی ہیں +

فائدہ اور استعمال }
خوراک } مثل سوڈیم سلفائیٹ کے ہیں +
مانع استعمال }

سلفیٹ آف سوڈا

اس کو سوڈی سلفاس۔ گلابر سالٹ اور سوڈیم سلفیٹ بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔ ہندوستان اور اودھ کے دیگر مقامات میں کھاری نمک میں سے پیدا ہوتا ہے۔ اور ہائیڈرو کلورک ایسڈ بنانے کے بعد جو نمک رہ جاتا ہے۔ اس میں کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر پانی میں حل کر کے اڑانے سے اس کی قلمیں حاصل ہو سکتی ہیں +

خواص۔ اس کی شفاف ٹیڑھی قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ نمکین اور تلخ ہوتا ہے۔ ہوا

میں پڑا رہنے سے خشک ہو جاتا ہے۔ اور ایک حصہ اس کا تین حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال۔ کتھارٹک۔ ڈایوریٹک۔ ریزالونٹ ہے۔ چونکہ سلفیٹ آف میگنیشیا کا اثر اس سے زیادہ یقینی ہے۔ اس واسطے اس کی جگہ سلفیٹ آف میگنیشیا استعمال ہوتا ہے کبھی کبھی یہ مویشی کو بطور پرگے ٹیو کے دیا جاتا ہے +

خوراک۔

مویشی کے لئے پرگے ٹیو کی خوراک ——————— ۱ سے ۱½ پونڈ

طریق استعمال۔ پانی میں گھول کر۔ ٹریکل یا جنجر میں ملا کر دیتے ہیں +

سلفائیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ کاربونیٹ آف سوڈا کے آبی عرق میں۔ سلفیورس ایسڈ گیس گذارنے سے اس مرکب کی چوگوشہ قلمیں حاصل ہو سکتی ہیں +

خواص۔ گاہے گاہے شفاف منشور شکل کی قلموں میں پایا جاتا ہے۔ لیکن عموماً سفید دھندلی ڈلیاں ہوتی ہیں۔ جو پانی میں حل ہو جاتی ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی۔ انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ اور الٹریٹو ہے۔ انڈی جیسچن اور ٹمپی نائیٹس میں اور خون کی بیماریوں میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی۔ انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورائیزرس۔ اور ڈس انفکٹنٹ ہے۔ السر بیڈ۔ سور تھروٹ۔ فیجی ڈ ینگ السرون اور زخموں میں استعمال ہوتا ہے +

خوراک۔

گھوڑا	۱ سے ۱½ ۔ اونس
مویشی	۲ سے ۴ ۔ اونس
بھیڑ و خوک	۲ سے ۶ ۔ ڈرام
کتا	۲۰ سے ۶۰ ۔ گرین

کئی باروں میں دے سکتے ہیں +

طریق استعمال۔ داخلی طور پر پانی میں حل کرکے استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں دو یا تین ڈرام فی اونس کے حساب سے پانی میں ملا کر استعمال کرتے ہیں +

مانع استعمال۔ ایسڈ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ دینا منع ہے +

کلورائیڈ آف سوڈیم

اس کو سوڈی کلورائیڈ۔ اور کامن سالٹ بھی کہتے ہیں +

خواص۔ یہ نمک کانی ہوتا ہے۔ جس کے اڑانے سے اس کی قلمیں نکل آتی ہیں اور یہ سمندر کے پانی میں بھی کثرت سے پایا جاتا ہے +

خواص۔ اس کے چھوٹے چھوٹے سفید قلمدار دانے ہوتے ہیں یا شفاف مکعب شکل کی قلمیں ہوتی ہیں۔ اس کا خالص نمکین ذائقہ ہوتا ہے۔ پانی میں حل ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں کتھارٹک انتھل منٹک۔ ایمے ٹک۔ ڈائیوریٹک۔ ٹانک۔ الٹریٹو اور ریزالوینٹ۔ مویشیوں اور بھیڑوں کے لئے انتھل منٹک ہے اور اس قسم کی ڈاریا ہیں جو خراشدار شے یا زیادہ کھانے سے پیدا ہو دیتے ہیں۔ فاڑول اور ہاؤنڈ میں بھی دیتے ہیں یا جب معدہ خوراک کے ذریعے تن جاوے۔ بھیڑوں میں راٹ کی مرض روکنے اور آنتوں کے کرموں کو مارنے کے لئے استعمال کرتے ہیں سردی اور ناقص چارہ کے بُرے نتیجہ کو روکنے کے واسطے بھی استعمال کرتے ہیں۔ کتوں کو بطور ایمے ٹک کے دیتے ہیں عام نمک سب جانوروں کو بطور ٹانک اور اسٹی میولنٹ کے بدہضمی میں بار بار کی خوراکوں میں دے سکتے ہیں۔ کھانے کا نمک ہمیشہ گھوڑے گائے بیل اور بھیڑیوں کی کھرلی اور ناندوں میں اشتہار بڑھانے کے لئے رکھا رہنا چاہئے۔ خارجی۔ کرانک اسپرین جوڑوں کے بہت سے امراض اور سُم کی بعض بیماریوں میں خاص کر مویشی اور بھیڑوں میں بطور اسٹی میولنٹ کے استعمال ہوتا ہے۔ کھانے کا نمک ملیح پچکاریوں میں ملایا جاتا ہے +

خوراک۔ بطور انتھل منٹک +

مویشی ——————— ۱۲ سے ۲۴-اونس

بھیڑ ——————— ا سے ۳-اونس

خوراک - بطور ریے ٹک +

کتا ——————— ا سے ۲-ڈرام

خوراک - بطور ٹانک +

گھوڑا ——————— ا سے ۲-اونس

مویشی ——————— ۲ سے ۴-اونس

بھیڑ ——————— ۲ سے ۴-ڈرام

کتا ——————— ۱۰ سے ۴۰-گرین

طریق استعمال - داخلی طور پر کتھارٹک - ایپے ٹک ہے - شیر گرم پانی میں حل کر کے دیتے ہیں - بعض اوقات نصف نصف خوراک کلورائیڈ آف سوڈیم اور سلفیٹ آف میگنیشیم - کو جنجر - پائی منٹو اور دوسرے ایرو ماٹک اور ٹریکل کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں - اور یہ مکسچر بھیڑ اور مویشی اچھی طرح خود پی لیتے ہیں - کروٹن آئیل اور کیلو مل - کھانے کے نمک کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں - تاکہ اس سے اس کا کتھارٹک - اور انتھل مینٹک اثر بڑھ جاوے رائی سلفیٹ آف زنک اور سلفیٹ آف کاپر اور ٹارٹار ایمیٹک کے ساتھ اس کو متقئ اثر بڑھانے کے واسطے ملاتے ہیں - ٹانک اور اسٹوماکک کے طور پر جانور کی خوراک پر چھڑک دیتے ہیں - پوڈر یا سلیوشن کی صورت میں بھی چھڑکتے ہیں - خارجی استعمال میں ایک پونڈ نمک کو ایک گیلن سرد پانی میں حل کر کے استعمال کرتے ہیں - یہ لوشن جب نمک گھل رہا ہو تب لگاتے ہیں - یا نمک گھلنے کے بعد فوراً لگاتے ہیں -

اسپرٹ آف ایتھر - یا اسپرٹ ایتھر سلفیورک

ترکیب - ایتھر ——————— ۱۰-اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ——————— ایک پائنٹ

فائدہ اور استعمال۔ڈیفیوزیبل اسٹی میولنٹ۔انٹس پازماڈک ہے +

خوراک۔

گھوڑا ———— ۲ سے ۶۔فلوئیڈ اونس

مویشی ———— ۵ سے ۱۵ فلوئیڈ اونس

بھیڑ وخوک ———— ۱ سے ۲۔فلوئیڈ اونس

کتا ———— ۱ سے ۵۔ڈرام

اسپرٹ آف نائیٹرس ایتھر

اس کو اسپرٹ ایتھر نائیٹرو سائی یا سوئیٹ اسپرٹ آف نائیٹر بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔

نائیٹرک ایسڈ ———— ۲۔اونس

سلفیورک ایسڈ ———— ۲۔اونس

باریک تار کاپر کی ———— ۲۔اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ———— حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں +

خواص۔شفاف اور تقریباً بے رنگ ہوتا ہے۔لیکن قدرے زرد۔اڑجانے والا اور جلنے والا بو مثل سیب کے ہوتی ہے۔تیز سرد اور میٹھا ذائقہ ہوتا ہے +

فائدہ واستعمال۔زیادہ مقدار میں۔نارکاٹک اور سیڈیٹو۔طبی خوراکوں میں اسٹی میولنٹ انٹس پازماڈک۔ڈایوریٹک۔اور ڈایوفوریٹک ہے۔اور کارا ئک۔انڈائی جیسچن ٹمپی ناٹیٹس اور لوکل کنجیسچن میں استعمال ہوتا ہے۔اور ٹمپریچر اوسیم کے ساتھ گائیوں کو دردوں اور تشنج رفع کرنے کے واسطے جو بعد وضع حمل کے ہوتے ہیں دیتے ہیں۔کمزور کرنیوالی بیماریوں کے بعد ضعف میں اس کو دیا کرتے ہیں +

خوراک۔گھوڑا ———— ۱ سے ۲ فلوئیڈ اونس

مویشی ———— ۳ سے ۴ فلوئیڈ اونس

بھیڑ و خوک ———— ۳ سے ۶ - ڈرام

کتا ———— ½ سے ۲ ڈرام

یہ خوراکیں چار بار دے سکتے ہیں +

طریق استعمال - کافی مقدار سرد پانی میں ملا کر ڈرافٹ یا مکسچر بنا کر دیتے ہیں +

ارو ماٹک اسپرٹ آف ایمونیا

ترکیب -

کاربونیٹ آف امونیہ ———— ۸ - اونس

اسٹرانگ سلوشن آف ایمونیا ———— ۴ فلوئیڈ اونس

نٹ مگ آئل ———— ۴ - فلوئیڈ ڈرام

آئل آف لیمن ———— ۶ - فلوئیڈ ڈرام

ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ———— ۶ - پائینٹ

واٹر ———— ۳ - پائینٹ

کو لے کر ملاؤ - اور ۷ پائینٹ متقطر کر لو +

فائدہ اور استعمال - ڈیفیوزیبل اسٹی میولنٹ - انٹا سڈ اور انٹی سپاز ماڈک ہے +

خوراک -

گھوڑا ———— ½ سے ۱ - اونس

مویشی ———— ½ سے ۲ - اونس

بھیڑ و خوک ———— ۲ سے ۴ فلوئیڈ - ڈرام

کتا ———— ۱۰ سے ۲۰ بوند

پانی کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں +

فیڈ اسپرٹ آف ایمونیا

ترکیب۔

اسانی ٹیڈا ——————— ۱۲ اونس

اسٹرانگ سلوشن آف ایمونیا ——————— ۲۔ اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ——————— حسب ضرورت

اسانی ٹیڈا۔ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے ایک بند برتن میں ڈال دو۔ پندرہ اونس اسپرٹ میں ۲۴ گھنٹہ تک ڈال کر بھگو رکھو۔ پھر شراب کو ٹپکا لو اور اس حاصل شدہ عرق کو ایمونیا میں ملا لو اور اس قدر ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ملاؤ۔ کہ کل ایک پائینٹ ہو جائے +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹی میولنٹ اور انٹس پازماڈک ہے +

خوراک۔

گھوڑا ——————— ½ سے ۱۔ اونس

مویشی ——————— ½ سے ۲۔ اونس

بھیڑ و خوک ——————— ۲ سے ۴۔ ڈرام

کتا ——————— ۱۰ سے ۲۰۔ بوند

پانی کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں +

اسپرٹ آف کمفر

ترکیب۔ کمفر ——————— ایک اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ——————— ۴ فلوئیڈ اونس

لے کر ملا لو +

فائدہ اور استعمال۔ خارجی طور پر۔ اسٹی میولنٹ۔ اور انوڈائن۔ اڈوسکوشنٹ ہے +

اسپرٹ آف کلوروفارم

اس کو کلورک ایتھر بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔

کلوروفارم	ایک اونس
ریکٹیفائڈ اسپرٹ	۱۹- اونس

لے کر ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹی میولنٹ۔ انٹس پاز ماڈک اور انوڈائن ہے +

خوراک۔

گھوڑا اور مویشی	۲ سے ۴ فلوئیڈ اونس
بھیڑ و خوک	½ سے ایک اونس
کتا	۱ سے ۳- ڈرام

پانی کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں +

کمپونڈ اسپرٹ آف پرکلورائیڈ آف مرکری

اس کو لائیکار ہائیڈرارجرائی بائی کلورائیڈ ڈائی بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔

سفوف پرکلورائیڈ آف مرکری	ایک اونس
ہیڈروکلورک ایسڈ	ایک اونس
ریکٹیفائڈ اسپرٹ	۷- اونس

ایسڈ کو اسپرٹ میں ملالو اور مکسچر میں پرکلورائیڈ آف مرکری کو حل کرلو +

فائدہ اور استعمال۔ خارجی۔ گاہے گاہے خارسی کے السروں اور سنو میا کے اخراج کو بند کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں +

میتھی لے ٹڈ اسپرٹ

ترکیب۔ میتھی لے ٹڈ اسپرٹ ۹۰ حصہ ریکٹیفائڈ اسپرٹ کو ۱۰ حصہ لکڑی کی اسپرٹ میں جس کو میتھیل الکوحال کہتے ہیں ملانے سے حاصل ہوتی ہے +

فائدے اور استعمال۔ یہ ٹنکچر وغیرہ بنانے میں بجائے قیمتی اسپرٹ آف وائن یا شراب کے کام آتی ہے۔ جو ٹنکچر وغیرہ خارجی استعمال میں آتے ہیں۔ قانوناً میتھی لے ٹڈ اسپرٹ یا کوئی اس کا مرکب داخلی استعمال میں لانا منع ہے +

ریکٹی فائیڈ اسپرٹ

اس کو اسپرٹ آف وائن کہتے ہیں +

شکر دار عرقوں کو خمیر کرتے ہیں۔ تو الکوحال اور کاربانک انہائیڈ رائیڈ یا کاربانک ایسڈ گیس پیدا ہوتے ہیں +

خواص۔ بے رنگ شفاف اُڑ جانے والا عرق ہے۔ جو ذراسی آنچ سے بھڑک اُٹھتا ہے۔ اور خاص قسم کی خوشگوار بو۔ ذائقہ تیز شراب کی طرح کا جلنے والا ہوتا ہے +

فائدے اور استعمال۔ داخلی اسٹی میولنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایوفوریٹک ہے۔ اسٹی میولنٹ کے طور پر کالک۔ ٹمپی نائیٹس میں دیتے ہیں۔ اور انفلیوانزا کی اخیری حالت برانکائیٹس اور دوسری سوزش دار امراض میں استعمال ہوتے ہیں۔ اور کمزور کرنے والی بیماریوں کے بعد ضعف میں اس کو دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں کولنگ لوشن میں اُس کی ریفرجرنٹ طاقت کو بڑھانے کے واسطے ملاتے ہیں۔ اسپرٹ ٹنکچر وایکسٹریکٹ کے تیار کرنے کے واسطے استعمال ہوتا ہے +

خوراک۔ گھوڑا ——————— ۱ سے ۲ اونس

مویشی ——————— ۲ سے ۶ اونس

بھیڑ ——————— ½ سے ۱½ اونس

خوک ——————— ½ سے ½۱-۱-اونس

کتا ——————— ا سے ۳-ڈرام

ہر دو گھنٹہ کے بعد دے سکتے ہیں +

پروف اسپرٹ

ترکیب - ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ——————— ۵-پائینٹ

ڈسٹلڈ واٹر ——————— ۳-پائینٹ

لیکر ملالو +

فائدہ و استعمال - اس سے ٹنکچر تیار کرتے ہیں +

اسٹیوز ایکر سیڈ

یہ اسٹیوز ایکر سیڈ یا اسٹیوز ایکر کے بیج ہوتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - ایک حصہ بیجوں کا ۲۰ یا ۳۰ حصہ کھولتے پانی میں ملا کر عرق بنا لیتے ہیں اور یہ عرق بطور پیراسٹی سائیڈ یا کرم کش لوشن کے استعمال ہوتا ہے +

اسٹرکنائین یا جوہر کچلا

ترکیب -

نکسوامیکا یا کچلے کے بیج ——————— ایک پونڈ

ایسی ٹیٹ آف لڈ ——————— ۱۸۰-گرین

سلوشن آف امونیا
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ
ڈسٹلڈ واٹر
} ——————— حسب ضرورت

کو لے کر تیار کرتے ہیں +

خواص - بے رنگ مربع ہشت پہلو یا منشور قلمیں یا ڈلیاں ہوتی ہیں - جوکہ شکل سے پانی میں حل ہوتی ہے - ذائقہ سخت کڑوا - اور ابلتے ہوئے ریکٹیفائیڈ اسپرٹ - کلوروفارم اور ایتھر میں حل ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال - زیادہ مقدار میں زہر اور طبی خوراکوں میں مرض فالج میں اینٹی ہیولنٹ اور ٹانک اور کتوں کے کوریا میں اسی فائدہ کے لئے استعمال ہوتا ہے +

خوراک -

گھوڑا اور مویشی	۱ سے ۳ - گرین
بھیڑ	½ سے ۱ گرین
کتا	⅒ سے ½ گرین

ایک یا دو دفعہ دن میں دے سکتے ہیں +

طریق استعمال - بولس یا گولی کی صورت میں حل کر کے یا ایسیٹک ایسڈ اور سلفیورک ایسڈ کے ساتھ ترش کر کے استعمال کرتے ہیں +

انٹی دوٹ - مثل نکس وامیکا کے ہیں - اور اس سے لائیکور اسٹرکنیا یا اسٹرکنائن تیار کرتے ہیں +

بکتھارن یا بکتھارن کی رس

معمولی بکتھارن کو دبا کر یا پیڑ کر رس نکال لیتے ہیں +

اس سے سرپ ریمنائی یا بکتھارن تیار ہوتے ہیں +

اثر اور استعمال - لیکسیٹو اور کیتھارٹک ہے - کتوں کو دیا جاتا ہے +

سبلائیمڈ سلفر

اس کو سلفر کے پھول بھی کہتے ہیں یا صاف اور تصعید شدہ سلفر +

خام سلفر ملک سسلی اور نیپلیس اور ملک اٹلی - اور دوسرے کوہ آتش فشاں سے آتی ہے - اس

اس کو ایک ایسے رٹیارٹ میں ڈالتے ہیں۔ جو کہ مٹی کے برتن کے ساتھ ملا ہوا ہو اور حرارت دیتے ہیں تو سلفر دوسرے برتن میں چلی جاتی ہے اور اس کی دیواروں سے لگ جاتی ہے اور باقی ناقصات نیچے رہ جاتے ہیں۔ اور جب برتن کی دیواروں کے ساتھ کافی مقدار میں جم جاتی ہے۔ تو کھرچ لیتے ہیں +

خواص۔ یہ ایک دانہ دار قلمدار سفوف ہے۔ رنگ سبزی مائل زرد بے ذائقہ اور بے بو ہوتی ہے۔ اگر ہوا میں جلائیں تو نیلے شعلہ سے جلتی ہے اور اس کے بخاروں میں سلفیوروز ایسڈ کی بو ہوتی ہے۔ جس سے یہ پہچانی جاتی ہے۔ گرم کرنے سے اڑ جاتی ہے۔ الکوحال۔ پانی۔ ایتھر میں حل نہیں ہوتی اور کاربان ڈائی سلفائیڈ اور ٹرپن ٹائن میں حل ہو جاتی ہے +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی طور پر زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہر۔ اور طبی خوراکوں میں۔ لکسی ٹو۔ اور روماٹیزم۔ جلدی امراض اور بہت سے دیگر امراض میں بطور۔ الٹریٹو کے دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں اسکیبیز اور دوسری جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں +

خوراک۔ بطور لکسی ٹو +

گھوڑا	۲ سے ۴۔ اونس
مویشی	۵ سے ۶۔ اونس
بھیڑ	½ سے ۲۔ اونس
خوک	½ سے۔ ۲۔ اونس
کتا	۲ سے ۸۔ ڈرام

خوراک۔ بطور الٹریٹو +

گھوڑا	¾ سے ۱½۔ اونس
مویشی	۱ سے ۲۔ اونس
بھیڑ	۴ سے ۶۔ ڈرام
خوک	۴ سے ۶۔ ڈرام
کتا	½ سے ۲۔ ڈرام

طریق استعمال - داخلی استعمال بولس گولی کی صورت میں گرونل میں ملاکر یا تیل میں حل کرکے دیتے ہیں - خارجی استعمال مرہم سلفر کے طور پر استعمال ہوتا ہے +

۱- مرہم سلفر +

۲- کمپونڈ مرہم سلفر +

اس سے تیار کرتے ہیں

آیوڈائڈ آف سلفر

آئیوڈین ―――――― ۴- اونس

سب لائیمڈ سلفر ―――――― ایک اونس

لے کر تیار کرتے ہیں +

خواص - خاکی رنگ کی سیاہ قلمیں ہوتی ہیں اور بو اور چہرہ کو داغ ڈالنے میں مثل آئیوڈین کے ہے - ۶۰ حصہ گلیسیرین میں حل ہو جاتا ہے پانی میں حل نہیں ہوتا - لیکن اس کے ساتھ جوش دینے سے بگڑ جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال - خارجی طور پر اسکیب - آرٹی کیریہ - اور دوسری جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں - نیز انڈولنٹ السر اور فارسی کے السروں پر لگاتے ہیں +

طریق استعمال - مرہم سلفیورس آیوڈائڈ کے طور پر مستعمل ہے +

سرپ آف ہائیڈریٹ آف کلوریل

ترکیب - ہائیڈریٹ آف کلوریل ―――――― ۸۰- گرین

ڈسٹلڈ واٹر ―――――― ۱½- ڈرام

سرپ ملاکر بنالو - حتیٰ کہ کل مجموعہ ایک اونس ہو جاوے +

فائدہ اور استعمال - کے لئے دیکھو بیان کلوریل اسکے ایک ڈرام میں دس گرین کلوریل ہائیڈریٹ ہوتا ہے +

خوراک - کتا ―――――― ۳۰- بوند سے ۲- ڈرام

سرپ آف پے پیبز - شربت پوست

ترکیب -

پوست کے ڈوڈوں کا دردرا سفوف ———— ۳۶ - اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ———— ۱۶ - اونس

ریفائینڈ شوگر صاف قند ———— ۴ - پونڈ

اُبلتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ———— حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - کتوں کے لئے سیڈیٹو - انوڈائین اور ہپناٹک ہے +

خوراک -

کتا ———— ۲ سے ۵ فلوئڈ ڈرام

اس سے کاسٹرائل مکسچر تیار کرتے ہیں +

سرپ آف بک تھارن

ترکیب -

بک تھارن جوس ———— ۴ - پائینٹ

دردرا سفوف سونٹھ اور پائی منٹو ———— ¾ - اونس

صاف قند ———— ۵ - پونڈ یا حسب ضرورت

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ———— ۶ - فلوئڈ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں

فائدہ اور استعمال - نرم کتھارٹک اور کتوں کے لئے کتھارٹک ہے اور اس سے کاسٹرائل مکسچر بنتا ہے +

خوراک - کتا ———— ½ سے ۲ - اونس

بلی ——————— ۲ سے ۸ ڈرام

ٹوباکو کے پتے

تمباکو کے پتوں کو جوکہ امریکہ میں پیدا ہوتا ہے۔ خشک کر لیتے ہیں +

خواص ۔ اس کے پتے بڑے بڑے داغدار یا بھورے رنگ کے بیضوی صورت کے یا اور طرح کے بھی ہوتے ہیں۔ جن پر بہت سے چھوٹے چھوٹے غدود والے بال ہوتے ہیں۔ بھاری بو ستے آور اور تلخ ذائقہ +

۱۔ ڈیکاکشن ٹوباکو +

۲۔ انیما ٹوباکو +

۳۔ انفیوژن ٹوباکو +

اس سے تیار ہوتے ہیں +

ڈنڈیلیئن یا ٹریکسی کم

ٹریکسی کم ۔ یا ڈنڈیلیئن کی جڑ دوائی میں استعمال کی جاتی ہے +

فائدہ اور استعمال ۔ ہیپاٹک ۔ الٹی میولنٹ ہے ۔ بطور لکسی ٹو اور ڈایوریٹک کے اور نیز ڈیبوڈ بیٹل ڈسپیپشیا میں استعمال ہوتا ہے ۔ اس کا تازہ رس دوائی کے طور پر کام آتا ہے +

خوراک ۔ رس کی +

گھوڑا ——————— ایک اونس

کتا ——————— ½ اسے ۴ ۔ ڈرام تک

کنیڈا بالسم

یہ ٹرپن ٹائن ہے ۔ جوکہ ابیس بالسمیہ درخت کے تنہ کو پاچھنے سے حاصل ہوتا ہے ۔ کنیڈا میں پیدا ہوتا ہے +

خواص۔ سدروغن دار رال ہے جو پتلے شہد کی طرح کا قوام رکھتی ہے۔ خاص قسم کی خوشگوار بو ذائقہ تلخ اور کرخت ہوا میں پڑے رہنے سے خشک ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال۔ کلوڈین فلکیبل کے تیار کرنے میں کام آتا ہے +

ٹریکل یا شیرہ یا راب

خواص۔ گاڑھا اور بھورے رنگ کا شربت ہے اور بہت میٹھا ہوتا ہے پڑا رہنے یا اڑانے سے اس کی قلمیں نہیں بنتیں +

فائدہ اور استعمال۔ لیکسٹیو ہے۔ کتھارٹک کے اثر کو بڑھانے کے لئے اور دواؤں میں جن کا ذائقہ بدبو بطور بدرقہ کے دیا جاتا ہے۔ دواؤں کے ذائقہ کو درست کرتا ہے۔ اور ماس وغیرہ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے +

خوراک۔

گھوڑا	۱ سے ۱½ - پاؤنڈ
مویشی	۱ سے ۱½ - پاؤنڈ
بھیڑ و خوک	۳ سے ۴ - اونس

بار بار دے سکتے ہیں جب تک لکسی ٹو اثر نہ ہو +

تھائیمول

یہ ایک سدا بہار جھاڑی ہے جو جنوبی یورپ کے خشک مقاموں میں کثرت سے [illegible] ہے اس میں ایک خوشبودار اڑنے والا روغن ہوتا ہے۔ جس کو آئیل آف تھائیم کہتے ہیں +

خواص۔ شش پہلو تقریباً بے رنگ قلمیں ہوتی ہیں۔ خوشگوار بو ذائقہ خوشگوار اور چرپرہ ہے۔ ایک حصہ ۱۲۰۰ حصہ سرد پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال۔ ایک طاقتور ڈس انفکٹنٹ اور انٹی سیپٹک۔ ڈایو فوریٹک۔ ڈایوریٹک ہے۔ زیادہ تر خارجی استعمال میں خراش کو رفع کرتا ہے۔ ایک سے دو گرین اسپرٹ میں ڈاءیلوٹ کرکے

یا مسے۔ اگر بن نی اونس ویسلین میں ملا کر مرہم بنا لیتے ہیں۔ اور یہ پرانی ایگزیما اور سورائی سس کے چھلکوں کو چھڑانے کے لئے استعمال ہوتا ہے +

ٹنکچر آف ایکونائیٹ

ترکیب۔ درورا سفوف ایکونائیٹ روٹ ——— ½۲ - اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ——— ایک پائینٹ

سے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی طور پر سیڈیٹو۔ خارجی طور پر انوڈائن ہے +

خوراک۔

گھوڑا ——— ۳۰ سے ۵۰۔ بوند

مویشی ——— ۴۰ سے ۸۰۔ بوند

بھیڑ ——— ۸ سے ۱۲۔ بوند

خوک ——— ۸ سے ۱۲ بوند

کتا ——— ۴ سے ۱۰ بوند

پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد دے سکتے ہیں +

نوٹ۔ فلیمنگ صاحب کا ٹنکچر اس سے چار گنا طاقت میں زیادہ ہوتا ہے +

کمپونڈ ٹنکچر آف ایلوز

ترکیب۔

دردرا سفوف باربیڈوز ایلوز ——— ۱۰۔ ڈرام

مرہ ——— ۵۔ ڈرام

میتھی لیٹڈ اسپرٹ یا ریکٹیفائڈ اسپرٹ ——— ۱۴۔ فلوئیڈ اونس

واٹر ——— ۶۔ فلوئیڈ اونس

سے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - خارجی استعمال ہیں - اسپرین - برفذ - یعنی موچ اور چوٹ اور کرانک روماٹیزم میں اسٹی یولنٹ ہے +

اسپرٹ آف کے نے بس انڈیکا

ایکسٹریکٹ آف انڈین ہمپ	ایک اونس
ریکٹیفائڈ اسپرٹ	۲۰ - اونس

لے کر ملا لو +

فائدہ اور استعمال - داخلی استعمال کے لئے دیکھو بیان - کے نے بس انڈیکا ایکسٹریکٹ

خوراک -

گھوڑا	۱ سے ۲ - اونس
کتا	۱۰ سے ۴۰ - بوند

ٹنکچر آف کنتھارڈیز

ترکیب -

دردرا سفوف کنتھارڈیز	۱/۸ - اونس
مویشی	ایک پائینٹ
خوک و بھیڑ	۱/۲ سے ۱ ۱/۲ - فلوئڈ اونس
کتا	۱ سے ۳ - فلوئڈ ڈرام

اسٹرانگ ٹنکچر آف کنتھارڈیز

کنتھارڈیز کا دردرا سفوف	ایک اونس
پروف اسپرٹ	ایک پائینٹ

لیکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ خارجی۔ اسٹی میولنٹ۔ روبی فیشنٹ ہے۔

کمپونڈ ٹنکچر آف کارڈیمم

بیج کارڈیمم کوفتہ	ایک اونس
سنی مم کوفتہ	۲۔ اونس
پروف اسپرٹ	۸۰۔ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ واستعمال۔ کارمی نیٹو۔ اور انٹس پازماڈک ہے +

خوراک۔

گھوڑا	۱ سے ۴۔ اونس
مویشی	۲ سے ۶۔ اونس
بھیڑ وخوک	۱ سے ۲۔ اونس
کتا	۲ سے ۶۔ ڈرام

اس سے کمپونڈ ٹنکچر کلورا فارم بھی تیار کرتے ہیں +

کمپونڈ ٹنکچر کلورا فارم

ترکیب۔ کلورا فارم	ایک فلوئیڈ اونس
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	۴۔ فلوئیڈ اونس
کمپونڈ ٹنکچر آف کارڈیمم	۱۰۔ فلوئیڈ اونس

لے کر ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ مثل اسپرٹ کلورا فارم کے ہے +

خوراک۔ بھی مثل اسپرٹ کلورا فارم کے ہے +

ٹنکچر آف ییلو سنکونہ

ترکیب۔

ییلو سنکونہ بارک کا باریک سفوف ——— ۴۔ اونس

پروف اسپرٹ ——— ایک پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی۔ اسٹی میولنٹ۔ اسٹوماکک اور ٹانک ہے +

خوراک۔

گھوڑا ——— ایک سے ۳ فلوئیڈ اونس

مویشی ——— ۳ سے ۶ فلوئیڈ اونس

بھیڑ و خوک ——— ½ سے ایک اونس

کتا ——— ۲ سے ۵۔ ڈرام

ٹنکچر آف کالچیکم سیڈس

ترکیب۔

کوٹے ہوئے کالچیکم کے بیج ——— ۲½۔ اونس

پروف اسپرٹ ——— ایک پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی طور پر سیڈیٹو۔ خارجی طور پر انوڈائن ہے۔

خوراک۔

گھوڑا اور مویشی ——— ½ سے ۲۔ اونس

بھیڑ و خوک ——— ۱ سے ۴۔ ڈرام

کتا ——— ۲۰ سے ۱۰ بوند

ٹنکچر آف ہملوک

اس کو ٹنکچر آف کونائم بھی کہتے ہیں +

ہملوک ———————— ½ ۲ - اونس

پروف اسپرٹ ———————— ایک پائینٹ

ملاکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - داخلی استعمال ہیں - الٹریٹو - اور سیڈیٹو ہے +

خوراک -

گھوڑا اور مویشی ———————— ۱ سے ۲ - اونس

بھیڑ و خوک ———————— ۳ سے ۶ - ڈرام

کتا ———————— ۱۰ سے ۴۰ بوند

ٹنکچر آف کروٹن

کوٹے ہوئے کروٹن کے بیج ———————— ½ ۱ - اونس

ریکٹیفائڈ اسپرٹ ———————— ایک پائینٹ

ملاکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - داخلی کتھارٹک - خارجی - روبی فیشنٹ اور کونٹر ایری ٹنٹ ہے

خوراک -

گھوڑا ———————— ½ سے ایک اونس

مویشی ———————— ½ سے ½ ۱ - اونس

بھیڑ و خوک ———————— ۱ سے ۳ ڈرام

کتا ———————— ۲۰ سے ۵۰ بوند

ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس

ترکیب۔ ڈیجی ٹیلس کی پتیاں ——— ۲ ½ ۔ اونس

پروف اسپرٹ ——— ایک پائینٹ

خوراک۔

گھوڑا ——— ۱ سے ۲۔ ڈرام

بھیڑ ——— ۳۰۔ بوند سے ایک ڈرام

خوک و کتا ——— ۲ سے ۱۰۔ بوند

ٹنکچر آف ارگٹ

ترکیب۔ دردرا سفوف ارگٹ ——— ۵۔ اونس

پروف اسپرٹ ——— ایک پائینٹ

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ داخلی۔ پارچیوری اینٹ۔ دردزہ پیدا کرتا ہے +

خوراک۔

گھوڑی ——— ۱ سے ۲۔ اونس

گائے ——— ۱ سے ۳۔ اونس

بھیڑی و خوکنی ——— ½۱ سے ۳۔ ڈرام

کتی ——— ۲۰ سے ۶۰ بوند

ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آئرن

ترکیب۔ اسٹرانگ سولیوشن آف پرکلورائیڈ آئرن ——— ۵۔ فلوئڈ اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ——— ۱۵۔ فلوئڈ اونس

ملاکر ایک بوتل میں ڈال دو +

فائدہ اور استعمال - داخلی استعمال میں ہیچوریا - فارسی - ٹائی فائڈ - امراض اور انڈائی جیسچن کتوں کی ڈسٹیمپر میں بطور اسٹرنجنٹ اور ٹانک کے مستعمل ہے - خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ اسپٹنگ اور کاسٹک ہے +

خوراک -

گھوڑا اور مویشی ———— ۱ سے ۲ - اونس

بھیڑ اور خوک ———— ۳ سے ۴ - ڈرام

کتا ———— ۵ سے ۲۰ - بوند

پانی کے ساتھ ملاکر دیتے ہیں +

ٹنکچر آف آئیوڈین

ترکیب - آئیوڈین ———— ۲ - ½ - اونس

آئیوڈائیڈ آف پوٹاشیم ———— ۱ - ½ - اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ———— ایک پائینٹ

آئیوڈین اور آئیوڈاڈ آف پوٹاشیم کو پانی میں حل کر لو +

فائدہ اور استعمال - داخلی - الٹریٹو - خارجی - کاسٹک - اسٹی میولنٹ اور ڈی ابس ٹروانیٹ ہے +

خوراک -

گھوڑا ———— ۲ سے ۴ ڈرام

مویشی ———— ۳ سے ۵ ڈرام

بھیڑ ———— ۱ سے ۲ ڈرام

خوک ———— ۲۰ سے ۴۰ بوند

کتا ———— ۱۰ سے ۳۰ بوند

ٹنکچر آف مرہ

ترکیب۔ درد اسفوف مرہ ———— ½ ۲- اونس
ریکٹیفائڈ اسپرٹ ———— ایک پائنٹ
لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - خارجی - بدبودار اور سست زخموں اور منہ کے کنکر کے لئے نرم اسٹرنجنٹ اور اکسائی ٹنٹ ہے +

ٹنکچر آف نکسوامیکا

ترکیب۔ نکسوامیکا ———— ۲- اونس
ریکٹیفائڈ اسپرٹ ———— ایک پائنٹ
لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - پیرالیسس - کوریہ اور ڈسپپشیا میں اسٹی میولنٹ اور ٹانک ہے +

خوراک۔

گھوڑا و مویشی ———— ۴ سے ۸- ڈرام
بھیڑ و خوک ———— ۱ سے ۲- ڈرام
کتا ———— ۱۰ سے ۴۰- بوند

ٹنکچر آف اوپیم

اس کو لاڈنم بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔ درد اسفوف اوپیم ———— ½ ۱- اونس
پروف اسپرٹ ———— ایک پائنٹ
لیکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ انڈوائش۔ ہیپاٹک سیڈیٹو۔ اور انٹس پاز ماڈک ہے +

خوراک۔

گھوڑا و مویشی ——————— ۱ سے ۳ فلویڈ اونس

بھیڑ و خوک ——————— ۲ سے ۸ ڈرام

کتا ——————— ۱۰ سے ۳۰ بوند

اس سے انیما اور پیم۔ اور اوپیم لینی منٹ تیار کرتے ہیں +

ٹنکچر پائی منٹو

ترکیب۔ پائی منٹو کے دانہ ——————— ۲ ۱/۲ اونس

پروف اسپرٹ ——————— ایک پائینٹ

لیکر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ انٹس پاز ماڈک اور کارمی نے ٹو ہے +

خوراک۔

گھوڑا ——————— ۲ سے ۴ فلویڈ اونس

مویشی ——————— ۳ سے ۶ اونس

بھیڑ و خوک ——————— ۱ سے ۳ اونس

کتا ——————— ۱ سے ۳ ڈرام

ٹنکچر صندل

ترکیب۔ صندل کی لکڑی ——————— ۱/۲ اونس

پروف اسپرٹ ——————— ایک پائینٹ

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ ڈرافٹ کو رنگ دینا ہے +

ٹنکچر آف جنجر

ترکیب۔ جنجر کا دردرا سفوف ——————— ½ ۲۔ اونس

ریکٹیفائڈ اسپرٹ ——————— ایک پائینٹ

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ کارمے نیٹو۔ ٹانک۔ اسٹی میولنٹ اور پرگیٹو۔ دواؤں میں بطور بدرقہ اور مددگار کے ملایا جاتا ہے +

خوراک۔

گھوڑا ——————— ایک سے ۲۔ اونس

مویشی ——————— ۲ سے ۶۔ ڈرام

بھیڑ و بکری ——————— ½ سے ۲ ڈرام

کتا ——————— ½ سے ۲۔ ڈرام

آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ

ترکیب۔ کاربالک ایسڈ ——————— ایک اونس

صاف چربی ——————— ۶۔ اونس

لے کر خوب ملاؤ +

فائدہ اور استعمال۔ سلفنگ اور ان ہیلتھی یعنی گندے اور نا تندرست زخموں پر لگاتے ہیں +

کمپونڈ آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ

ترکیب۔ آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ ——————— ۷۔ اونس

سب لائیمڈ سلفر ——————— ۲۔ اونس

لے کر خوب ملاؤ +

فائدہ اور استعمال۔ مینج اور اسکیب کے علاج میں استعمال کرتے ہیں +

آئینٹمنٹ آف ٹینک ایسڈ

ترکیب۔ ٹینک ایسڈ ———————— ایک حصہ

صاف چربی ———————— ۹۔ حصہ

لے کر اچھی طرح ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹرنجنٹ۔ بعض اوقات اس میں ½ سے ایک حصہ افیون بھی ایزاد کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ انوڈائین ہے +

کمپونڈ آئینٹمنٹ آف ایلم

ترکیب۔ باریک سفوف ایلم ———————— ایک اونس

معمولی ٹرپن ٹائن ———————— ایک اونس

صاف چربی ———————— ۲۔ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹرنجنٹ اور گریس ہیں۔ ڈائی جسٹو یعنی جاذب ہے +

آئینٹمنٹ آف ٹارٹر یٹڈ انٹی منی

ترکیب۔ باریک سفوف انٹی منی ٹارٹر یٹ ———————— ایک اونس

صاف چربی ———————— ۴۔ اونس

لے کر ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ چھاتی پر پھیپھڑہ کی مرضوں میں بطور کونٹرا ایری ٹنٹ کے اور جوڑوں پر پورانی مرضوں میں اسی فائدہ کے واسطے لگاتے ہیں +

آئنٹمنٹ آف نائٹریٹ آف سلور

ترکیب- باریک سفوف نائٹریٹ آف سلور ——————— ۵ سے ۱۰ گرین

صاف چربی ——————————— ایک اونس

لے کر تیار کرو +

کرانک- آفتھلمیا میں بھی ۱/۲ مٹر کے برابر آنکھ میں تین روز کے بعد رکھتے ہیں +

آئنٹمنٹ آف آرسنک

ترکیب- باریک سفوف ارسینوز ایسڈ ——————— ۶- گرین

صاف چربی ——————————— ایک اونس

لے کر ملا لو +

فائدہ اور استعمال- وارٹس- اور خراب بڑھاؤ کے لئے کاسٹک ہے +

آئنٹمنٹ آف کلورینیٹیڈ لائم

ترکیب- کلورینیٹیڈ لائم ——————— ایک اونس

چربی ——————————— ۴ سے ۸- اونس

ملا کر تیار کرتے ہیں +

گریس میں اس کو استعمال کرتے ہیں- جب اس کے ساتھ بہت بدبو شامل ہو +

آئنٹمنٹ آف کنتھاریڈیز

اس کو آبلہ زن مرہم بھی بولتے ہیں +

ترکیب- کنتھاریڈیز کا سفوف ——————— ایک اونس } لیکر ملاؤ +

صاف چربی ——————————— ۶-۱ اونس

فائدہ اور استعمال۔ پٹھوں میں خراش کے لئے اور سیٹن اور السر سے اخراج جاری رکھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے +

اینٹمنٹ آف کریازوٹ

ترکیب۔ کریازوٹ ——— ایک اونس
صاف چربی ——— ۸ - اونس
لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ مثل کاربالک ایسڈ کی مرہم کے ہے +

اینٹمنٹ آف سب ایسی ٹیٹ آف کاپر

اس کو مرہم وڈیگرس بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔

سب ایسی ٹیٹ آف کاپر کا باریک سفوف ——— ایک اونس
معمولی ٹرپن ٹائن ——— ایک اونس
صاف چربی ——— ۱۲ - اونس

فائدہ اور استعمال۔ اُن السرون کے واسطے جن سے زیادہ ڈسچارج پیدا ہوتا ہو اسٹرنجنٹ ہے +

اینٹمنٹ آف گالس اینڈ اوپیم

ترکیب۔

مرہم گال ——— ۵ - اونس
باریک سفوف اوپیم ——— ½ - اونس
لیکر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹرنجنٹ اور انوڈائن ہے +

ائینٹمنٹ آف بلیک ہیلی بور

ترکیب۔ سیاہ ہیلی بور کی پتیاں		
تارپین ————	ہرایک مساوی مقدار۔ لیکر چربی پگلاکر ملالو +	
صاف چربی ————		

فائدہ اور استعمال۔ مویشی کے زخموں کے لئے ڈائی جسٹو یا جاذب ہے +

ائینٹمنٹ آف مرکری

اس کو بلیو ائینٹمنٹ بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔

مرکری ————	ایک پونڈ
معمولی چربی ————	ایک پونڈ
بھیڑی کی صاف کردہ چربی ————	ایک اونس

لے کر ایسا ملالو۔ تاکہ پارہ کے ذرے دکھائی نہ دیں +

فائدہ اور استعمال۔ مینج۔ اسکیب۔ اور دیگر جلدی امراض میں جن میں چھلکے اترتے ہوں ندو ابلنٹ السروں اور زخموں کو لگاتے ہیں۔ اور ریزالونٹ کے طور پر غدود کی بڑھاؤ میں استعمال کرتے ہیں اور جلد پر اس کی مالش کرتے ہیں۔ تاکہ اس کا اثر جو داخلی طور پر پارہ کے دینے سے پیدا ہوا ہو۔ جلد ہو۔ اور قائم رہے +

امونی ایٹڈ آف مرکری ائینٹمنٹ

ترکیب۔ مرکری ائینٹمنٹ ————	ایک اونس
سافٹ سوپ ————	۲۔ اونس

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ کے واسطے مرہم پارہ کا بیان دیکھو +

آئنٹمنٹ آف ریڈ آئیوڈ ائیڈ آف مرکری

اس کو بن آئیوڈاد آف مرکری کا مرہم یا آبلہ انگیز مرہم کہتے ہیں +

ترکیب۔

باریک سفوف ریڈ آئیوڈ ائیڈ آف مرکری ——— ایک اونس

صاف چربی ——— ۸۔ اونس

لے کر خوب ملا لو +

فائدہ اور استعمال۔ ان ہیلیتھی زخموں کے واسطے کاسٹک۔ اسٹی میولنٹ۔ ڈیٹر جنٹ۔ کونٹر ایری ٹنٹ ہے۔ کرب۔ اسپلنٹ۔ اسپاون کی شروع حالتوں میں اور بڑھے ہوئے برسے کے علاج میں یہ ریزالوینٹ ہے +

نوٹ۔ یہ مرہم برٹش فارموکوپیا۔ کی اسی قسم کی مرہم سے ساڑھے تین گنا طاقت میں زیادہ ہے +

نوٹ دوم۔ ایک ایسی مرہم جس میں ریڈ آئیوڈ ائیڈ آف مرکری کی مقدار اس سے دوچند ہو۔ قوی کونٹر ایری ٹنٹ ہے۔ جب یہ بیل کے چہرہ پر لگایا جاوے +

آئنٹمنٹ آف نائٹریٹ آف مرکری

اس کو سٹرین آئنٹمنٹ بھی بولتے ہیں +

ترکیب۔ وزن کے حساب سے مرکری ——— ۴۔ اونس

تیزاب شورہ ——— ۱۲۔ فلوئیڈ اونس

صاف چربی ——— ۱۵۔ فلوئیڈ اونس

الیوائیل ——— ۳۲۔ فلوئیڈ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ گریس۔ رنگ ورم۔ اور دوسری جلدی امراض میں بطور اسٹی میولنٹ اور ڈیٹیر جنٹ کے لگاتے ہیں۔ ایک حصہ اس مرہم کا ایک حصہ چربی کے ساتھ اور ایک حصہ روغن زیتون اور ایک حصہ سادہ تیل ملاکر ٹارسل افتھلمیا کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ کاربنہ کے پھوڑے کو دور کرنے کے لئے لگاتے ہیں +

اینٹمنٹ آف پرکلورائیڈ آف مرکری

ترکیب۔

باریک سفوف پرکلورائیڈ آف مرکری	ایک اونس
صاف چربی	۲۔ اونس

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ استخوانی ٹیومر کے رفع کرنے کے واسطے چہرہ پر پھیلا کر لگاتے ہیں۔ ایک حصہ مرہم دو حصہ چربی پروفیسر وارنل صاحب کے کاسٹک کلمپ پر لگانے کے لئے کام آتی ہے +

آئیوڈین اینٹمنٹ

ترکیب۔ آئیوڈین	ایک اونس
صاف چربی	۸۔ اونس
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ یا گلیسرین	ایک ڈرام

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹی میولنٹ۔ اور ریزالونٹ ہے +

کمپونڈ اینٹمنٹ آف آئیوڈین

ترکیب۔ آئیوڈین	½۔ اونس
باریک سوف آئیوڈائیڈ آف پوٹاشیم	ایک اونس

صاف چربی ———————— ۸۔اونس

رکٹیفائڈ اسپرٹ یا گلیسرین ———————— ایک ڈرام

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹی میولنٹ اور ریزالونٹ ہے +

اینٹمنٹ آف میلابارس۔ یا تیلنی مکھی کا مرہم

ترکیب۔ باریک سفوف میلابارس ———————— ایک اونس

صاف چربی ———————— ۶۔اونس

لے کر بناتے ہیں +

فائدہ اور استعمال۔ مثل مرہم کنتھارڈیز کے ہے۔ لیکن اس میں ڈایوریٹک اثر نہیں ہے

اینٹمنٹ آف ٹار

ترکیب۔ معمولی ٹار ————
ریزن ———————— } مساوی مقدار میں لیکر بنالو +
صاف چربی ————

فائدہ اور استعمال۔ بھیڑوں کے فٹ راٹ۔ اور تمام خانگی جانوروں کے علاج میں جو سم اور کھر کا مرہم بنایا جاتا ہے۔ اس میں یہ شامل ہے +

مرہم سلفیوریٹڈ آف پوٹاش

ترکیب۔ سلفیوریٹڈ پوٹاش کا باریک سفوف ———————— ایک اونس

صاف چربی ———————— ۸۔اونس

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ مینج۔ اور دوسری جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں +

اینٹمنٹ آف ریزن

ترکیب۔ دردر اسفوف ریزن ———— ۱۰۔ اونس

زرد موم ———— ۶۔ اونس

روغن بادام ———— ۳۔ اونس

صاف چربی ———— ۳۔ اونس

لے کر بناتے ہیں +

فائدہ اور استعمال ۔ السروں۔ زخموں اور پلسٹر کئے ہوئے مقاموں کے واسطے اسٹی میولنٹ ہے اور دوسرے مرہموں کا اس کے ملانے سے قوام سخت ہو جاتا ہے +

اینٹمنٹ آف سیون

ترکیب۔ ساون کی کوپلیں کوٹی ہوئی ———— ایک اونس

صاف چربی ———— ۲۔ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال ۔ پلسٹر کے ہوئے مقاموں کو خراش کرنے کے لئے اور وارٹس کو دور کرنے کے لئے کام آتا ہے +

اینٹمنٹ آف سلفر

ترکیب۔ سب لائیمڈ سلفر ———— ایک اونس

صاف چربی ———— ۴۔ اونس

لے کر خوب ملا لو +

فائدہ اور استعمال ۔ بھیڑوں کی اسکیب۔ اگیزیما۔ اور مینج کے واسطے پیراسٹی سائیڈ ہے +

کمپونڈ آئینٹمنٹ آف سلفر یا بھیڑی کا مرہم

ترکیب۔ سب لائیمڈ سلفر ——— ایک پونڈ

معمولی تارپین ——— ۴۔اونس

مرکری آئینٹمنٹ ——— ۲۔اونس

السی کا تیل ——— ایک پائینٹ

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ بھیڑوں کی خارش کی بیخ کنی کرنے کے لئے کام آتا ہے +

آئینٹمنٹ آف آئیوڈائیڈ آف سلفر

ترکیب۔ سفوف آئیوڈائیڈ آف سلفر ——— ایک اونس

صاف چربی ——— ۸۔اونس

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ مینج۔ ارٹی کیریہ۔ اور دوسری جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں +

آئینٹمنٹ آف ٹرپن ٹائن

اس کو ڈائی جسٹو آئینٹمنٹ بھی بولتے ہیں +

ترکیب۔

معمولی ٹرپن ٹائن ——— ایک اونس

صاف چربی ——— ۳ ½ اونس

لے کر بنالو +

فائدہ اور استعمال۔ زخموں کے لئے اسٹی میولنٹ ہے +

اینٹمنٹ آف وائیٹ ہیلی بور

ترکیب۔ وائیٹ ہیلی بور کا سفوف ——— ایک اونس

صاف پانی ——— ۴۔ اونس

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ جلدی کرموں کے مارنے کے واسطے بطور پیراسٹی سائیڈ کے اور سٹینوں کو لگانے کے واسطے استعمال کرتے ہیں +

اینٹمنٹ آف کاربونیٹ آف زنک

اس کو ہیلنگ اینٹمنٹ یا اندمال کرنے والا مرہم بھی بولتے ہیں +

ترکیب۔

سفوف کاربونیٹ آف زنک ——— ایک اونس

صاف چربی ——— ۷۔ اونس

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ چھلی ہوئی جگہ کے لئے ڈیسی کنٹ اور نرم اسٹر نجنٹ ہے +

اینٹمنٹ آف اوکسائیڈ آف زنک

ترکیب۔ اوکسائیڈ آف زنک ——— ایک اونس

صاف چربی ——— ۵۔ اونس

لے کر خوب ملالو +

فائدہ اور استعمال۔ السریشن یا چھلے ہوئے مقاموں پر لگانے کے لئے استعمال ہوتا ہے +

کلورین گیس

طریق اول۔ ۳ یا ۴۔ اونس مینگنیز اوکسائیڈ کو بوتل میں ڈال کر اوپر سے نمک کا تیزاب ڈالتے

ہیں اور گرم کرتے ہیں +

دوسری ترکیب -

سفوف کھانے کا نمک	۲½ - اونس
سفوف مینگنیز اوکسائیڈ	۲ - اونس
گندھک کا تیزاب	۲½ - اونس
پانی	۵ - اونس

لے کر تیار کرتے ہیں +

خواص - بھاری سبزی مائل زرد رنگ کی گیس ہے - جس میں ایک خاص قسم کی بو ہوتی ہے اگر اس کا سانس لیں تو بہت خراش پیدا کرتی ہے - نباتی رنگوں کو تباہ کر دیتی ہے - اور سفید کر دیتی ہے +

فائدے اور استعمال - زیادہ مکانات اور اصطبلوں کی ہوا کو ڈس انفکٹنٹ کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں - بعض اوقات گلانڈرس - فارسی اور ایسی امراض میں بطور دوائی کے استعمال کرتے ہیں پہلے اس سے ناک کا اخراج بڑھ جاتا ہے - بعد ازاں کم ہو جاتا ہے اور ہیڈرو سیانک ایسڈ - اور سلفیوریٹڈ ہیڈروجن کے زہروں میں انٹی ڈوٹ کے طور پر استعمال کرتے ہیں +

طریق استعمال - یہ گیس جس کمرہ کو ڈس انفکٹ کرنا ہو - اس کے اندر اس کے بنانے کا آلہ معہ مصالحہ رکھ دیتے ہیں دروازہ اور سوراخ اس کمرہ کے کئی گھنٹہ تک اس گیس کے پیدا ہونے کے اثناء میں بند رکھنے چاہئیں - اور بعد ازاں کچھ عرصہ کے لئے دروازوں کو کھول دینا چاہئے - جب یہ گیس نکل جائے - تب اس میں آدمیوں کو داخل ہونے دیں - جب اس گیس کا بھپارہ دینا ہو - تو جانور کو اصطبل میں معہ آلہ اور مصالحہ کے جس سے یہ پیدا ہوتی جانا چاہئے اور جب سائیس یا بھپارہ دینے والے پر اس کے خراش کے اثر پیدا ہوں - تو اس کو اصطبل سے معہ آلہ باہر نکل آنا چاہئے - اور دروازہ بند کر دینا چاہئے +

انٹی ڈوٹ - ایمونیا - ایتھر - الکوحال یا گرم پانی کے بھپارہ سنگھانے سے کھانسی اور دوسرے

علامات خراش کلورین کے رفع ہوسکتے ہیں +

ویسلین

ترکیب۔ پہاڑی تیل کو متقطر کرنے سے حاصل ہوتی ہے +

فائدے اور استعمال۔ آئیوڈین۔ سلفر آئیوڈائیڈ۔ کاربالک ایسڈ میں حل کرکے بطور ضماد اور ایمولی انٹ کے خراش دار اور سوزش دار مقاموں اور آبلہ شدہ میوکس اور جلدی سطحوں پر لگاتے ہیں۔ اس میں چربی نہیں ہوتی اور نہ ہی اس پر اوکسیجن اثر کرتی ہے۔ اسی لئے یہ مرہم بنانے کے لئے اچھا جز ہے +

وائیٹ ہیلی بور

وسطی اور جنوبی یورپ کے کوہستانی اضلاع میں پیدا ہوتا ہے +

خواص۔ اس کی گانٹھیں یا جڑیں ۲ سے ۳۔ ا انچ لمبی ہوتی ہیں۔ اور انگلی کے برابر موٹی ہوتی ہیں۔ اس کے اوپر سیاہ بھورے رنگ کی چھال ہوتی ہے۔ جو اندر سے خاکی سفید رنگ کی ہوتی ہے۔ جب یہ جڑیں تازہ ہوں۔ تو ان سے سخت ناگوار بو نکلتی ہے۔ جو خشک ہو جانے پر دور ہو جاتی ہے۔ اس کا ذائقہ سخت اور تلخ ہوتا ہے +

فائدے اور استعمال۔ داخلی۔ زیادہ مقدار میں ایریٹنٹ زہر۔ طبی خوراک کو نیں قے آور یمٹی ایمٹیک سیڈیٹو۔ اور انتھل مینٹک ہے۔ بعض اوقات گھوڑوں کو سیڈیٹو کے طور پر دیتے ہیں نیز ٹانگوں کے ورم دار بڑھاؤ کے جذب کرنے کے لئے محرک ہے۔ خارجی استعمال میں جلد پر پراسٹی سائیڈ فائدے کے لئے لگاتے ہیں۔ مینج اور دوسری جلدی امراض میں لگایا جاتا ہے +

خوراک۔

گھوڑا ———— ۲۰ سے ۳۰ گرین

بطور سیڈیٹو +

ہر چار یا چھ گھنٹے کے بعد دے سکتے ہیں۔ جب تک کہ ٹریٹمنٹ اثر ظاہر نہ ہو بطور اکسائی ٹنٹ ½

سے ایک اونس +

طریق استعمال - داخلی - بولس کی صورت میں یا پروف اسپرٹ کے ساتھ ٹنکچر بنا کر دیتے ہیں

خارجی اس کی جڑ کا سفوف یا مرہم ویرائڑی کے طور پر استعمال کرتے ہیں +

انٹی ڈوٹ - فادزہر - ڈیبل سنٹ - ٹینک ایسڈ - اور دوسرے نباتی اسٹرنجنٹ ہیں - اگر تو ،

ہو - تو امونیا - الکوحال یا اور کوئی اسٹی میولنٹ - دوائی بھی دیتے ہیں +

اس سے مرہم ویرائڑی تیار کرتے ہیں +

وائن آف آئرن

ترکیب -

باریک لوہے کی تار	ایک اونس
شیری شراب	ایک پائینٹ

لے کر تیار کرتے ہیں +

فائدے اور استعمال - ٹانک ہے +

خوراک -

کتا	اسے ۴ فلوئیڈ ڈرام

دن میں ایک دفعہ یا دو دفعہ دے سکتے ہیں +

ایسی ٹیٹ آف زنک

اس کو زنک ایسی ٹیٹ بھی کہتے ہیں +

ترکیب -

کاربونیٹ آف زنک	۲ - اونس
ایسیٹک ایسڈ	۵ - اونس یا حسب ضرورت
ڈسٹلڈ واٹر	۹ - اونس

لیکر تیار کرتے ہیں +

خواص - پتلی اور نیم شفاف قلمدار ڈلیاں ہوتی ہیں۔ جن کی موتی کی سی آب ہوتی ہے۔ لیکن تیز اور ناگوار ذائقہ ہوتا ہے +

فائدہ اور استعمال - خارجی استعمال ہیں۔ اسٹی میولنٹ اور اسٹرنجنٹ۔ فائدہ کے لئے زخموں کو لگاتے ہیں۔ خاص کر اُن زخموں میں لگاتے ہیں۔ جن سے ڈسچارج کثرت سے ہو نیز سطح کی انفلامیشن کو رفع کرتا ہے۔ شکاری گھوڑوں کی ٹانگوں کے ورموں کو کم کرنے کیلئے پتلے چمڑہ کی پٹیاں اس کے عرق میں بھگو کر باندھا کرتے ہیں +

طریق استعمال - ایک لوشن جس میں ۲ سے ۵ گرین تک ایسی ٹیٹ زنک ہو ایک پائینٹ سرد پانی میں حل کر کے فوراً لگا دیتے ہیں +

کاربونیٹ آف زنک

ترکیب -

سلفیٹ آف زنک ————————	۱۰ - اونس
کاربونیٹ آف سوڈا ————————	½۱۰ - اونس
ابلتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ————————	حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں +

خواص - سفید بے ذائقہ ہوتا ہے۔ پانی میں حل نہیں ہوتا۔ ڈائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال - خارجی۔ ڈیسی کنٹ۔ اسٹی میولنٹ اور اسٹرنجنٹ ہے +

طریق استعمال - سفوف کو زخموں پر چھڑکتے ہیں یا مرہم زنک کاربونیٹ لگاتے ہیں +

۱- مرہم زنک کاربونیٹ
۲- زنک ایسی ٹیٹ } ———— اس سے تیار ہوتے ہیں +
۳- زنک آکسائیڈ

کلورائیڈ آف زنک

اس کو زنک کلورائیڈ اور بٹر آف زنک بھی کہتے ہیں +

ترکیب۔

گرینیولیٹڈ زنک یا دانہ دار جست ———— ۱۶ - اونس

ہیڈرو کلورک ایسڈ ———— ۴۴ - اونس

سلوشن آف کلورین ———— حسب ضرورت

کاربونیٹ آف زنک ———— ½ اونس یا حسب ضرورت

ڈسٹلڈ واٹر ———— ایک پائینٹ

سے کر تیار کرتے ہیں +

خواص۔ بے رنگ کثیف۔ سولاخی یا چوڑی چوڑی ٹکیا ہوتی ہے۔ جو پانی کو جذب کر لیتی ہے اور یہ کاسٹک ہے۔ پانی۔ ایتھر۔ الکوحال ہیں حل ہو جاتی ہے +

فائدہ اور استعمال۔ یہ ٹھوس شکل میں یا عرق کی صورت میں کنکر کی مرض میں کاسٹک اور ڈیڈورائی زر ہے۔ بھیڑوں کی فٹ راٹ۔ کو بیٹر۔ خراب زخموں۔ فجی ٹیٹنگ السروں اور بڑھے ہوئے انگوروں اور ناسوروں کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ لائیکوار زنک کلورائیڈ کی صورت میں زخموں کو اسٹرنجنٹ۔ اسٹی میولنٹ۔ اور انٹی سپٹک فائدہ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ گھوڑوں۔ کتوں کے مینج۔ اور جلدی کرموں اور اگزیما کے واسطے لگاتے ہیں۔ ڈیوڈورائی زر س انفکٹنٹ کے لئے۔ اصطبل اور اس جگہ کو جہاں کھاد پڑی ہوئی ہو ڈس انفکٹنٹ کرنے کے کام آتا ہے۔ بھیڑوں کے غسل کے لئے لیکھیں اور نکھیوں کو مارنے کے لئے استعمال ہوتا ہے +

اس سے لائیکوار زنک کلورائیڈ تیار کرتے ہیں +

اوکسائیڈ آف زنک

ترکیب۔ کاربونیٹ آف زنک کو گرم کرنے سے تیار ہوتا ہے +